# حضرت سید محمد جیون شاہ قدس سرہُ العزیز

## (المعروف شاہ شیر سوار)

## تعارف:

اشراف سادات آلومہار شریف میں پہلے بزرگ حضرت سید محمد جیون شاہ قدس سرہ ہیں جو حضرت امام علی نقی رضی اللہ تعالیٰ عنہُ کی اولاد میں سے ہیں۔آپ کا خاندان خراسان میں حکومت کے اعلیٰ عہدے پر فائز تھا۔منشائے ایزدی کے مطابق اس خاندان نے حکمرانی کو خیر آباد کہہ کر فقر و درویشی کی زندگی اختیار کر لی۔چنانچہ یہ خاندان خراسان سے ہجرت کر کے پہلے بھکر اور پھر آلومہار شریف میں قیام پذیر ہوا۔

اس خاندان کے پہلے بزرگ حضرت سید محمد جیون شاہ قدس سرہ ایک روایت کے مطابق حضرت امام علی الحق شہید سیالکوٹی قدس سرہ کے دور میں یا ان کے ہمراہ بسلسلۂ تبلیغ و جہاد یہاں تشریف لائے اور علاقہ میں علم و عرفان کی شمع روشن کی۔ان کے متعلق یہ کرامت بہت مشہور ہے کہ وہ شیر پر سواری کرتے تھے اور سانپ کا چابک ہاتھ میں رکھا کرتے تھے اور اپنے دور میں شاہ شیر سوار کے نام سے مشہور تھے۔